علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1-اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2-کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" کی پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: **اردو کا نثری انتخاب (6481)** **سمسٹر خزاں: 2026**

سطح: **بی ایڈ (اڑھائی/چار سالہ**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

(موڈ ODL ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ)

1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقین قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا سائز 5MB سے کم ہونا چاہئے۔

4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کیجیے۔

5 مقررہ تاریخ کے بعد تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6 آپ کے تجزیاتی نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7 غیر متعلقہ بحث، معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ 1-5)

سوال نمبر1	فسانہ عجائب" کی ادبی اہمیت اور داستانی اسلوب پر تبصرہ کریں۔	(20)
سوال نمبر2	مراۃالعروس" اور "امراوجان ادا" کے کرداروں، اسلوب اور نقطہ نظر کا تقابلی تجزیہ کریں۔	(20)
سوال نمبر3	احمد ندیم قاسمی کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیں اور ان کی زبان و بیان کی خصوصیات پر روشنی ڈالیں۔	(20)
سوال نمبر4	-اردو ڈرامے کی روایت میں امتیاز علی تاج کا مقام اور اثرات کا تجزیہ کریں۔	(20)
سوال نمبر5	مولوی عبدالحق کی شخصیت، علمی خدمات اور ادبی مقام پر تفصیلی مضمون تحریر کریں۔	(20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ 6-9)

سوال نمبر1	اردو انشائیہ میں تخیل، تجربہ، اور ذاتی مشاہدے کا کردار کیا ہوتا ہے؟ تفصیل سے لکھیں۔	(20)
سوال نمبر2	مرزا ادیب کی شخصیت اور اردو ادب میں ان کے ادبی مقام پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں۔	(20)
سوال نمبر3	اردو ادب میں خواتین سفر نامہ نگاروں کا تعارف اور ان کے ادبی مقام پر تنقیدی تبصرہ کریں۔	(20)
سوال نمبر4	اردو طنز و مزاح کی روایت اور جدید رجحانات کا تجزیہ پطرس بخاری کی تحریروں کی روشنی میں تفصیل سے کریں۔	(20)
سوال نمبر5	سفر نامہ کی تعریف اور اس کی ادبی اہمیت پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں۔	(20)